سوال

(721)مساجد میں منبر پر پہلی یا دوسری سیڑھی پر قرآنِ مجید رکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مساجد میں منبر پر پہلی یا دوسری سیڑھی پر قرآنِ مجید رکھ دیا جاتا ہے، حالانکہ اسی سیڑھی پر تقریر کرتے ہوئے قدم رکھے جاتے ہیں کیا یہ قرآن کے ادب کے خلاف ہے؟ (محمد سلیم بٹ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

قرآنِ مجید شعائر اللہ میں شامل ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: {وَمَن يُعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَإِنَّهَا مِن تَقْوَى الْقُلُوبِ ط [الحج: ٣٢]} [''اور جو اللہ کی نشانیوں کی عزت کرے اس کے دل کی پرہیزگاری کی وجہ سے یہ ہے۔''] تو جہاں قرآنِ مجید رکھنے سے قرآنِ مجید کی بے حرمتی و بے ادبی نکلتی ہو وہاں قرآنِ مجید کو رکھنا درست نہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: {لَا تُحِلُّوا شَعَآئِرَ اللّٰهِ ط} [المآئدة: ٢] [''اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کے نشانوں کی بے حرمتی نہ کرو۔''] ١٣ ١١ ١٤٢٣ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص720

محدث فتویٰ